اُمید ہے کہ کتاب کے آئندہ حصّوں میں اس مسئلے کا حل بھی آجائے گا۔
صفحہ ۳۰، ۱۰۵، ۱۴۶ اور ۱۴۷ پر طباعت کی اغلاط ہیں۔ (ع۔و)

---

**مجلّہ علم و ادب، لاہور** | نگرانِ اعلیٰ: سیّد اسعد گیلانی۔ مجلسِ ادارت: پروفیسر آسی ضیائی۔ سیّد نظر زیدی۔ رنگین سرورق۔ صفحات: ۳۲۲۔ سائز ۲۰×۳۰
اِس مجلّے میں ادارۂ علم و ادب پاکستان کے کل پاکستان کنونشن، منعقدہ ۲۳ تا ۲۴ مارچ ۱۹۸۹ء کی رُوداد ہے۔ پڑھے جانے والے منتخب مضامین نظم و نثر شائع کیے گئے ہیں۔
ادارۂ علم و ادب دو بڑے مقصد پیشِ نظر رکھ کر قائم کیا گیا ہے — پہلا لادینی افکار اور فحش رجحانات سے پاک ادب کی تخلیق اور دوسرا تعمیرِ وطن۔ مجلّے کے بیشتر مضامین یہی مقاصد لیے ہوئے ہیں اور بہت خوب ہیں۔ صاف ستھرا ادب پیش کرنے کی یہ ایک عمدہ کوشش ہے۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ احباب نہ صرف یہ مجلّہ خریدیں، بلکہ ادارۂ علم و ادب سے وابستہ ہوں۔ (ن۔ز)

---

**آسان اُصولِ فقہ** | مصنّف: مولانا محمد محی الدین۔ صفحات: ۸۸۔ قیمت: ۱۰/۵۰ روپے
ملنے کا پتہ: قدیمی کتب خانہ، مقابل آرام باغ، کراچی ۱
فقہ حنفی کے اُصولِ فقہ پر مبنی یہ ایک ایسی ابتدائی کتاب ہے جسے نصاب اور تدریسی نقطۂ نظر سے اُردو زبان میں مرتب کیا گیا ہے۔ ہمارے مدارسِ دینیہ میں "اصول الشاشی" کے نام سے اُصولِ فقہ پر جو کتاب، داخلِ نصاب ہے، اس کی تدریس سے پہلے اگر یہ کتاب "آسان اُصولِ فقہ" پڑھائی جائے تو بہت مفید رہے گی۔ آسان انداز سے تمام مباحث کو سمیٹ لیا گیا ہے۔ مثلاً ادلۂ شرعیہ (قرآن، سنّت، اجماع، قیاس) سے استنباطِ مسائل کے مختلف پہلوؤں پر سیر حاصل بحث موجود ہے۔ (م۔ر)

---